Principles of Commerce - I.COM Part 1 Principles of Commerce Chapter 23 Short Questions Preparation

Q1. حسابی مشین کون سی ہیں

Ans 1: کیلکولیٹر

Ans 2: پوسٹنگ مشین

Ans 3: ٹائم ریکارڈنگ مشین

Ans 4: کمپیوٹر

Ans 5: کیش رجسٹرڈ

Q2. ٹائپ رائیٹر سے کیا مراد ہے

Ans 1: ٹائپ مشین کی وجہ سے تمام مشینوں کی بنیاد رکھی گئی یہ نہایت ہی کارآمد مشین ہے-ٹائپ مشین نے ہی ٹائپسٹ اور سٹینو گرافر کو جنم دیا.ٹائپ رائٹر کی بدولت خط زیادہ صاف اور وآضح ٹائپ ہوتا ہے اور اگر زیادہ کاپیاں کرنا مقصود ہوں تو کاربن پیپر استعمال کیا جاتا ہے اور کاپیاں تیار کی جاتی ہیں.

Q3. دفتری مشینوں کی اہمیت بیان کریں.

Ans 1: وقت اور محنت کی بچت

Ans 2: اخراجات کی بچت

Ans 3: کام میں سہولت

Ans 4: استعدکار میں آضافہ

Ans 5: ریکارڈ میں یکسانیت

Q4. پوسٹنگ مشین کی تعریف کریں.

Ans 1: اکاؤنٹنگ میں شروع کے اندراج کے بعد متعلقہ رقومات کا اندراج مختلف کھاتوں میں کیاجاتا ہے اس عمل کو پوسٹنگ کہتے ہیں. چھوٹے کاروباری اداروں میں اکاؤنٹ کلرک خود کرتا ہے لیکن بڑے اداروں میں یہ سارا کام مخصوص مشین کی مدد سے کیا جاتا ہے. جسے پوسٹنگ مشین کہتے ہیں. پوسٹنگ مشین کے زریعے پوسٹنگ کے لیے لیجر کا استعمال کیا جاتا ہے. جو ہر کھاتے کے لیے الگ ہوتے ہیں.

Q5. ٹائپ رائٹر سے کیا ہے؟

Ans 1: ٹائپ رائٹر دفتری خطوط کو خوبصورت طریقے سے ٹائپ کرنے یا لکھنے کے لیے استعال کی جاتی ہے.یہ ایک نہایت کارآمد مشین ہے.اگر کسی مشین کی ایک یا ایک سے زائد کاپیاں تیار کرنی ہوں تو پھر بھی ٹائپ را ئٹر استعمال کیا جاتا ہے.

Q6. مواصلاتی مشین سے کیا مراد ہے.

Ans 1: ایسی مشین جن کے زریعے افسران اپنے ماتحتوں کو مختلف قسم کے پیغامات اور ہدایت دیتے ہوں مواصلاتی مشین کہلاتی ہے.

Q7. ڈپلیکٹنگ مشین کسے کہتے ہیں.

Ans 1: آگر کسی خط یا دستاویزات کو بہت سی کاپیاں تیار کرنا مقصود ہو تو اسے ڈبلیکٹنگ مشین کہتے ہیں.آس کےلیے سٹینسل تیار کیا جاتا ہے.

Q8. نقول تیار کرنے والی چار مشینوں کے نام لکھیں.

Ans 1: 1.ٹائپ رائٹر 2.فوٹو سٹیٹ مشین 3.سکینر 4.فلیکس مشین

Q9. پوسٹنگ مشین سے کیا مرا د ہے؟

Ans 1: اکاؤنٹنگ میں شروع کے اندراج کے بعد متعلقہ رقومات کا اندراج کھاتوں میں کیا جاتا ہے اس سارے عمل کو پوسٹنگ کہتے ہیں.چھوٹے کاروباری اداروں میں ابتدائی اندراج کا یہ سارا کام اکاؤنٹ کلرک خود اپنے ہاتھ سے سر انجام دیتا ہے.

Q10. فوٹو سٹیٹ مشین کیا ہے؟

Ans 1: فوٹو سٹیٹ مشین کے ذریعے خطوط ،نقوش یا دستاویزات و غیرہ کی ہو بہونقل چند سیکنڈ میں کی جا تی ہے.نقول تیار کرنے کے لیے فوٹو سٹیٹ مشین سب سے بہتر ہے.